# 25-11-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......ریاستی کابینہ نے آج 27 میونسپلٹیوں کو جی ایچ ایم سی میں ضم کرنے کی تجویز کو منظوری دی۔ یہ فیصلہ ORR کے اندر تمام علاقوں میں جامع ترقی کے لیے لیا گیا ہے

......کیبنٹ نے موجودہ شمالی اور جنوبی پاور ڈسٹری بیوٹر کمپنیوں کے علاوہ ایک تیسرا ڈسکام قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

......تلنگانہ اسٹیٹ ہیومن رائٹس کمیشن نے جنگاؤں، ورنگل اور جگتیال اضلاع میں جانوروں کی کٹائی اور دیگر امور سے متعلق حالیہ خبروں کا ازخود نوٹس لیا ہے۔

......جی ایچ ایم سی کا جنرل باڈی اجلاس آج حیدرآباد میں منعقد ہوا۔

CABINET

ریاستی کابینہ نے آج 27 میونسپلٹیوں کو جی ایچ ایم سی میں ضم کرنے کی تجویز کو منظوری دی۔ آج حیدرآباد میں چیف منسٹر ریونت ریڈی کی صدارت میں کابینہ کی میٹنگ میں فیصلہ کیا گیا کہ اس حد تک آرڈیننس جاری کیا جائے گا۔ میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ یہ فیصلہ ORR کے اندر تمام علاقوں میں جامع ترقی کے لیے لیا گیا ہے کیونکہ آبادی کافی زیادہ ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جی ایچ ایم سی ایکٹ میں ترمیم کی جائے گی۔

Sound byte Sridhar babu

انہوں نے بتایا کہ اسی کابینہ نے موجودہ شمالی اور جنوبی پاور ڈسٹری بیوٹر کمپنیوں کے علاوہ ایک تیسرا ڈسکام قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔ مشن بھگیر تھا، لفٹ اریگیشن اسکیمیں اور زرعی کنکشن اس کے تحت آئیں گے۔ کابینہ نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ وہ بجلی کی نئی ضروریات کو اٹھانے کا بھی فیصلہ کریں گے۔ رام گنڈم پاور اسٹیشن میں این ٹی پی سی کے تحت سو میگا واٹ پاور پلانٹ، حیدرآباد میں SC، ST، BC ینگ انڈیا انٹیگریٹڈ ریزیڈنشیل اسکولس قائم کرنے کا فیصلہ کیا، ملوگو ضلع کے جگنا پیٹ میں ایک اسپورٹس اسکول اور جوبلی ہلز سینٹر میں ایک جدید ٹیکنالوجی قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔

SEC

ریاست میں گرام پنچایتی انتخابات کا شیڈول اور نوٹیفکیشن آج شام جاری کیے جانے کی توقع ہے۔ ریاستی الیکشن کمیشن 31 اضلاع میں پھیلی 12,760 پنچایتوں اور 1,13,534 وارڈوں کے لیے انتخابی نوٹیفکیشن جاری کرنے کی تیاری میں ہے۔ حکومت کی منظوری کے بعد محکمہ پنچایت راج اور الیکشن کمیشن نے انتخابی انتظامات اور تیاریوں کا آغاز کر دیا ہے۔ ریاستی الیکشن کمشنر رانی کمودینی آج شام ایک پریس کانفرنس میں میڈیا کو تفصیلات سے آگاہ کریں گی۔

PM AYODHYA

وزیراعظم نریندر مودی نے آج ایودھیا میں شری رام جنم بھومی مندر کی چوٹی پر دھرم دھوجا لہرایا۔ یہ جھنڈا مندر کی تعمیر کی تکمیل کے ساتھ ثقافتی جشن اور قومی اتحاد کے ایک نئے مرحلے کی علامت قرار دیا جارہا ہے۔ وزیراعظم نے اس موقع پر کہا کہ یہ جھنڈا ہندوستانی تہذیب کی نشاۃ ثانیہ کی نمائندگی کرتا ہے۔

PM Sound byte

GENDER EQUALITY

مرکزی وزیر دیہی ترقی شیوراج سنگھ چوہان نے آج نئی دہلی میں صنفی مساوات اور خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق ملک گیر مہم ''نئی چیتنا۔ پہل بدلاو۔ کی'' کے چوتھے ایڈیشن کا آغاز کیا۔ انہوں نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مساوات محض ایک نعرہ نہیں بلکہ ہندوستانی ثقافت کی بنیادی روح ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کوئی بھی معاشرہ اسی وقت ترقی کرسکتا ہے جب اس کی خواتین بااختیار ہوں۔

Sound byte Shivraj

PIB FACT CHECK -PREZ

حکومت نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے نام سے مبینہ طور پر چلائے جانے والے ایک جعلی واٹس ایپ چینل کی وضاحت کی ہے۔ پریس انفارمیشن بیورو (PIB) کے فیکٹ چیک یونٹ نے کہا کہ صدر مرمو کا واٹس ایپ پر کوئی سرکاری اکاؤنٹ موجود نہیں ہے۔ یونٹ نے صدر کے مستند سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے لنکس بھی جاری کیے اور شہریوں کو خبردار کیا کہ وہ جعلی اکاؤنٹس سے محتاط رہیں اور صرف سرکاری ذرائع سے معلومات حاصل کریں۔

HRS

تلنگانہ اسٹیٹ ہیومن رائٹس کمیشن کے چیئرمین جسٹس شمیم اختر نے جنگاؤں، ورنگل اور جگتیال اضلاع میں جانوروں کی کٹائی اور کالے جادو کی مبینہ رسومات سے متعلق حالیہ خبر کا ازخود نوٹس لیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایک سرکاری اسکول، بشمول تھرور کیمپ اسکول کے احاطے میں ایسے واقعات سے مکینوں میں خوف اور بچوں میں ذہنی دباؤ کی کیفیت پیدا ہوئی ہے۔ کمیشن نے اس نوعیت کی سرگرمیوں کو بچوں کی حفاظت، وقار اور ذہنی تندرستی کے لیے خطرہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ امن عامہ کی صورتحال پر بھی سوال اٹھاتی ہیں۔ کمیشن نے متعلقہ ضلع کلکٹروں اور سینئر پولیس عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ حقائق پر مبنی اور کارروائی سے متعلق رپورٹ پیش کریں اور اسکولوں کے احاطوں کو محفوظ

بنانے کے لیے احتیاطی اقدامات کی تفصیل بھی فراہم کریں۔

GHMC

حیدرآباد کی میئر گدوال وجے لکشمی نے کہا ہے کہ گزشتہ پانچ برسوں کے دوران جی ایچ ایم سی نے شہری سہولتوں کو اپ گریڈ کرنے، سڑکوں کی توسیع، نکاسی آب کے نظام میں بہتری اور شفاف طرزِ حکمرانی کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کیے ہیں۔ جی ایچ ایم سی کونسل کی میعاد اختتام کے قریب ہونے کے باوجود ہونے والی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ پارکوں کی بہتری اور ہریالی میں اضافہ ہمیشہ ترجیح رہے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ریاستی حکومت شہری ترقی کے منصوبوں کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے، اور آنے والی نسلیں گزشتہ پانچ برسوں میں موجودہ ترقیاتی بنیادوں کو مزید آگے بڑھائیں گی۔ میٹنگ میں کارپوریشن کے ارکان اور کمشنر آروی کرنن نے بھی شرکت کی۔

LOANS

مختلف ضلعی ہیڈکوارٹرز میں 300 کروڑ روپے سے زیادہ کے بلاسود قرضے SHG ممبران میں تقسیم کئے جارہے ہیں۔ جگتیال میں، فلاحی وزیر اڈلوری لکشمن کمار نے پیگڈا پلی میں بلاسود قرضے تقسیم کئے۔ انہوں نے کہا کہ رواں مالی سال کے دوران ضلع میں 11 ہزار سے زیادہ SHGs کو 10 کروڑ روپے سے زیادہ جاری کیے گئے ہیں۔ میدک کے ضلع کلکٹر راہول راج اور نرساپور ایم ایل اے سنیتا لکشما ریڈی نے 39 سو سے زیادہ خواتین میں دو کروڑ 86 لاکھ روپے تقسیم کئے۔ بھدرادری کوٹھا گوڈیم ضلع کے ایم ایل اے۔ کے سامبھا شیوا راؤ اور ضلع کلکٹر جے وی پٹیل نے ایک کروڑ 97 لاکھ روپے کے قرضوں کو تقسیم کیا۔ یادادری میں بھی بلاسود قرضے تقسیم کیے گئے ہیں۔

POWER JAGTIAL

اسٹیٹ ویلفیر منسٹر اڈلوری لکشمن کمار نے آج کہا کہ حکومت عوام کو درپیش بجلی مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات کرے گی۔ انہوں نے جگتیال ضلع کے سری رامولا پلی میں ان بجلی لائنوں کی بحالی کے سلسلے میں سنگِ بنیاد رکھا جو مکانات کے اوپر سے گزر رہی تھیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کی سلامتی اور سہولت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تمام اقدامات کرے گی۔

Sound byte laxman

JANGAON

جنگاؤں ضلع میں ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کوآپریشن مانیٹرنگ کمیٹی (Disha) نے آج مختلف محکموں کے ترقیاتی اور فلاحی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ کمیٹی کی چیئرپرسن اور ورنگل لوک سبھا رکن کڈیم کاویا نے کہا کہ بہتر نتائج کے لیے اسکیموں کی مسلسل نگرانی ضروری ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ ہر مستحق فرد تک فلاحی اسکیموں کے فوائد پہنچائے جائیں۔ اسٹیشن گھنپور کے رکنِ اسمبلی کڈیم سری ہری، کلکٹر رضوان باشہ شیخ اور دیگر سینئر عہدیدار میٹنگ میں موجود تھے۔

SANGAREDDY

سنگاریڈی ضلع کی کلکٹر پی۔ پرونیانے کارپوریٹ کمپنیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سرکاری ہاسٹلز کی ترقی کے لیے تعاون کریں۔ ضلع کے 34 بی سی بوائز اور گرلز ہاسٹلز کے لیے 29 لاکھ روپے سے زیادہ مالیت کا سامان فراہم کیا گیا۔ اس موقع پر انہوں نے پلیٹیں، گلاسز، اسکول بیگز اور دیگر مواد تقسیم کیا اور کہا کہ اگر کارپوریٹ کمپنیاں آگے آئیں تو ہاسٹلز کی سہولیات میں نمایاں بہتری لائی جاسکتی ہے۔

WGL -HOSPITLA

ورنگل کے وردھن پیٹ اسمبلی حلقہ کے رکنِ اسمبلی کے آر ناگا راجو نے ضلع کلکٹر ستیا ساردھا کے ساتھ آج اپر پلی کراس روڈ پر 100 بستروں پر مشتمل ایک اسپتال کی تعمیر کا سنگِ بنیاد رکھا۔ یہ اسپتال 28 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے حلقہ کے لیے ایک ڈائیلیسس سینٹر کی منظوری بھی دی ہے۔

NLG- HOUSING

دیوَرکنڈہ کے رکنِ اسمبلی نیناوتھ بالو نائک نے کہا ہے کہ آئندہ تین برسوں میں دس ہزار مکانات بے گھر غریبوں کو فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے نیر۔وڈوگومو، چندن پیٹ اور چنتاپلّی سمیت پانچ دیہات کے 115 مستفیدین میں مکانات کے پٹّے تقسیم کیے۔

WEATHER

محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ریاست میں موسم جزوی طور پر ابر آلود رہے گا۔ کم سے کم درجہ حرارت تقریباً 18 ڈگری سیلسیس جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 ڈگری سیلسیس سے کم رہنے کی توقع ہے۔ محکمہ نے بتایا کہ آئندہ دو دن موسم مجموعی طور پر خشک رہے گا۔